بتوفیق خدای جہان آفرین خالق آسمان و زمین نسخہ

گلزار ابراہیم

سنہ ۱۹۰۹ء

سنہ ۱۳۲۷ھ

مطبع نامی منشی نولکشور واقع کانپور میں طبع ہوا

التماس

اس مطبع مین ہر علم وفن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود رہتا اور فہرست اُسکی ہر ایک شایق کو چھاپہ خانے سے ملسکتی ہے جسکے معائینہ و ملاحظہ سے شایقان اصلی حالات کتب کے معلوم کر سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے صفحہ مین سادہ بینا کتب قصہ جات نظم اور کتب قصہ جات نثر اردو کتب قصص نظم ورسی ذخیرہ فارسی درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہے اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانے سے قدر دانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

کتب قصہ جات نظم

الف لیلہ منظوم۔ چار جلد مین جلد اوّل حضرت نسیم دہلوی و دوم وسوم از شایان لکھنوی۔

وچہارم از منشی شادی لال ہر ایک سخن گو ئی کے اُستاد۔

مجموعہ قصص۔ شامل پانچ قصہ۔

(۱) سوداگر بچہ (۲) قصہ ماہی گیر۔ (۳) قصہ حجّہ (۴) قصہ منصور (۵) قصۂ شاہ روم مختلف التصانیف۔

سنگاسن بتیسی منظوم۔ از منشی لکھن لال۔

چشمہ شیرین۔ قصۂ شیرین فرہاد۔

جوگن نامہ۔ از میان باطن اکبر آبادی۔

ایجاد رنگین۔ حکایات نصائح از میان سعادت یار خان رنگین دہلوی

مجموعۂ چوہے نامہ و بلی نامہ و چیونٹی نامہ۔ از بینی رام

پدماوت اُردو۔ از مولوی قاسم علی ترجمہ شعر شہر پدماوت ملک محمد جائسی۔

ایضاً۔ از عبرت و عشرت۔

مثنوی گلزار نسیم۔ قصہ بکاؤلی از پنڈت دیاشنکر نسیم لکھنوی

فسانہ عجائب منظوم۔ از منشی کھولا ناتھ۔

نلدمن۔ قصہ راجہ نل و دمن۔

ہدیۂ انظار۔ از مولوی ممتاز علی۔

مثنوی میر حسن۔ دہلوی۔

یوسف زلیخا اُردو منظوم۔ از شاعر تخلص نگار۔

شیرین خسرو با تصویر۔ از منشی گوبند پرشاد فضا مرحوم

بنجارہ نامہ۔ از میان نظیر اکبر آبادی۔

لیلی مجنون۔ میر تقی ہوس۔

بہار دانش منظوم۔ از تخلص تپش۔

مجموعۂ قصۂ سپاہی زادہ شامل بارہ قصہ۔ (۱) قصۂ سپاہی زادہ (۲) چار باغ رنگین (۳) قصہ محمود شاہ (۴) سوداگر بچہ (۵) عاشق کا جنازہ (۶) قاصد نامہ (۷) ہنس نامہ (۸) تندرستی نامہ (۹) دُکھ سُکھ نامہ (۱۰) دولت نامہ (۱۱) بھونچال نامہ (۱۲) رنگین نامہ۔

طلسم شایان داستان امیر حمزہ۔ (۱۳) از منشی طوطا رام شایان

ترجمان عصمت منظوم۔ از منشی کریم بخش تخلص احقر۔

نالۂ منظور منظوم۔ از سید منظور احمد۔

بکٹ کہانی۔ از الٰہی بخش۔

سراپای تصویر غم۔ از منشی اشرف علی تخلص مست۔

باغ عاشق۔ قصہ گل وصنوبر از پنڈت کنہیا لال

گلدستہ شجاعت۔ ترجمۂ اردو نظم سکندر نامہ بحری بری از مولوی غلام حیدر گوپاموی۔

بتوفیق خدائے جہاں آفرین خالق آسمان و زمین
سنہ ۱۹۰۹ء
گلزار ابراہیم
سنہ ۱۳۲۷ھ
مطبع نامی منشی نولکشور کانپور میں طبع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ دفتر دوسرا ہی بحر الحقیقت کا اور نام اسکا گلزار ابراہیمی ہی اسمین بظاہر قصہ ہی عاشق ہونیکا ادہم کے اوپر دختر بادشاہ بلخ کے اور تکالیف اور محنت کھینچنے انکی عشق مین بادشاہزادی کے اور مرجانا بادشاہزادی کا بیمار ہوکر اور بعد مرنیکے قبر سے نکال لیجانا ادہم کا لاش کو بیقراری عشق مین اور پھر زندہ ہونا اُس دختر کا اور نکاح ہونا ادہم کا اُس شاہزادی سے اور پیدا ہونا حضرت ابراہیم کا اُس دختر سے اور دریافت ہونا بادشاہ بلخ کو حال زیب دختر کا اور لانا بیٹی کو اور ابراہیم کو اپنے گھر اور بعد بلوغ کے ولیعہد کرنا ابراہیم کو سلطنت پر اپنی اور ترک کرنا بادشاہی کا اور درویش ہونا انکا یہ قصہ ظاہر مین بطور افسانے اور کہانی کے ہی اور مراد اس سے اور ہی اور نظر غور سے یہ حال ہر ایک بشر کا ہی اور اسرار باطن کے بہت اسکے اندر مندرج ہین اگر بنظر غور کے سمجھے اور گوش دل سے سُنے پنبہ غفلت کو نکالے تو اکثر راز باطن کے منکشف ہووین اور فائدہ کلی حاصل ہو عاقلونکے واسطے طغرای ہدایت اور غافلون کے لیے افسانہ اور حکایت ہی یہانسے شروع ہی حمد اور تعریف اللہ تعالی جلشانہ کی اور بیان قدرت کاملہ اُسکی کا بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد اُس خدائے پاک کو — مرتبے جسنے دیے ہین خاک کو
حمد ہی اُس مالک جبار کو — رزق جو دیتا ہی ہر جاندار کو
حمد کرنا کب ہی مقدور بشر — کہتے ہین کچھ عبادت جانکر
حد سے زائد حمد خلاق قدیر — خون کو جسنے کیا پستانمین شیر
آدمی کو خاک سے پیدا کیا — اپنے اوپر آپ اُسے شیدا کیا
عرش و کرسی پر بشر راہ دی — لامکان تک اُسکے جولانگاہ کی
عشقبازی آپ ہی سیکھی اُسکی — جب ہوا وہ محرم راز حقی
حسن کی اپنے دکھا کر آب و تاب — عاشقونکا دل کیا غم سے کباب

ہے اسی سے طغیانی و فسق و سرکشی — اس سے بندہ پروری ہوتی ہے
فہم سے برتر ہے اسکا کاروبار — نیک و بد ہر چیز ہے اسی کا اختیار

ملحد و مشرک بت پرست بت تراش — گبر و ترسا جہود و بدمعاش
ہے ربط آشنائی ہے اسے — دلمیں ہر اک کی سمائی ہے اسکی

دوستوں سے گاہ ہو بیگانگی — دشمنوں سے ہو کبھی ہمخانگی
دوستوں کو وہ در بدر رسوا کرے — دشمنوں کا جو کہیں کہنا کرے

کعبہ میں پیدا کرے زندیق کو — لاوے کعبہ سے وہ صدیق کو
عالم و فاضل ہو شیطان لعین — امی مطلق ہو خیر المرسلین

بلعم باعور کو دوزخ ملے — جتنی ساحر نہیں فرعون کے
چاہ بابل میں معلق ہوں ہلاک — ہو مقام زہرہ بالای فلک

پشہ سے نمرود کو فاش شکست — باد صرصر سے ہو قوم عاد پست
زوجہ فرعون ہے ہو و طاہرہ — اہلیہ لوط نبی ہو کافرہ

پرورندہ جسکا ہو روح الامین — ہو وہ گوسالہ پرست بالیقین
زادۂ آذر خلیل اللہ ہو — اور کنعان نوح کا گمراہ

دشمنوں کو دیں ہزاروں نعمتیں — زرق و صحبت علی الصد ہا تابعین
دوستوں کو اپنے رنج دیتا ہے — مبتلا ہوں امتحان کیو سطے

روئے تا روتے بے بصر یعقوب ہو — طعمہ کرمان تن ایوب ہو
ہو کوئی مقبول آرے سے دو نیم — طشت میں یحییٰ کا سر کاٹیں لئیم

گبر و ملحد کو کرے تصدیق وہ — دم میں مومن کو کرے زندیق وہ
دیر کو مسجد کرے مسجد کو دیر — غیر کو اپنا کرے اپنے کو غیر

کربلا میں قرۃ العین نبی — لعل زہرا کا حسین ابن علی
ظالموں کے ہاتھ سے یوں ہو شہید — اور اپنا کام دل پاوے یزید

ہو حسن کا زہر سے ٹکڑے جگر — دشمنان حق کو گردون کر و فر
عقل سے برتر خدائی ہے تری — فہم سے باہر خدائی ہے تری

کچھ نہیں دم مارنیکا ہے مقام — ہو سکے کب حکمت تیری فہم عام
جو کہ تو کرتا ہے بر حق جا بجا — عقل اسکی کنہ کو پہنچی کیا

کرتا ہے جو جو کہ تو گا کاریان — عقل بندی کی کہاں پہنچے وہاں
خاک سے پیدا کرے الماس کو — سنگ میں تابش سے خور کی لعل ہو

آب سے ظاہر کرے خشتان گہر — قطرہ ناپاک سے پیدا بشر
ریگ سے پیدا کرے الماس کو — سنگ میں تابش سے خور کی لعل ہو

آگ سے پیدا سمندر کو کرے — طعمہ جاندار کو اخگر کو کرے
ختم تجھپر ہو گئی صنعتگری — ہر ہر اک برتر سے تجھکو برتری

یہ معاذ اللہ میں نے کیا کہا — ہو گئی مجھسے بری فاحش خطا
برتری کسکو ہے اسکے سامنے — بہتری کرنیکا دعوی ہے کسے

مہتری برتری ہے ہو عیان — اسکے آگے ذکر اسکا ہے کہاں
ہر ترو نکا چاک ہوتا ہے جگر — آب بہرہ بہتران کا سر سپر

ہیں یہاں جو برترین برتران — کمترین کمتران ہے وہ یہاں
ذرہ میں ہے جسکا آوازہ بلند — اسکے آگے ہیں ذلیل و مستمند

چرخ این باعظمت و باآب و تاب — ہے ترد ریاے قدرت کا حباب
لیکے ماہی سے ہر ایک ہے ایما — تیری یکتائی پہ یارب ہے گواہ

تیرے لائق گو نہیں میری ثنا — میں عبودیت کو لاؤں ہوں بجا

بیان اپنے عجز اور قصور کا اور نہو سکنا حمد رب غفور کا

تو بھی میری حمد کو مقبول کر — کرے عیب و نقص پر اسکے نظر
تو نے خود پیدا کیا مشت ضعیف — ہو وے ناقص تحفہ مرد ضعیف

کی زبان کو تو نے گویائی عطا — ہو سکے کیا اس سے پھر تیری ثنا
میں سخندان تو سخن پیدا کرے — میں نہ باندان نعرہ دہن پیدا کرے

میں ثنا گو اور تو خلاق آفرین — میں بشر ہوں تو ہے رب العالمین
ہو زبان اک رہ رحم و غضب — حمد اے خالق بیان اس سے کیا

اس سبب سے تیرا نام پاک لوں — سخت میں گستاخ ہوں بیباک ہوں
آب کو شر سے اگر دم ہو وال سے — تو بھی وہ لائق نہ ہو اسکا مگر

فہم سے بڑھ کر جو ہو صد سالہ راہ — کیا کرے واں بندۂ بے دستگاہ
جس جگہ جلتے ہوں بال جبرئیل — اس جگہ دم مارے کیا مچھر ذلیل

ہو خیال و وہم سے بھی جو پرے — کام کیا واں فہم کی تیزی کرے
سوختگی اپنی ہی آئے کام کیا — ہو جہاں عاجز عقول انبیا

ماعرفنا جس جگہ بولیں نبی — حمد کیا اُسکی کرے مجھسا غبی
حلقۂ زنجیر آسا پیچ و تاب — کھاتے ہیں مضمون دل میں بیحساب

سینے میں ہے بحر مضمون موجزن — پر وفا کرتا نہیں اسکو سخن
تو بھی کچھ حمد و ثنا تلقین کر — عقل میری ہو گئی ہے کور و کر

گر کرے لطف الٰہی تو عطا — حمد کے مضمون ہوں مجھسے ادا
تجھپہ روشن ہیں مضامین دلے — کھینچتا ہے رنج اب بیجا صلے

ہیں جو پوشیدہ جو تھے دو سینے میں — سو گئے ہیں گو اسی گنجینے میں
یا الٰہی یا الٰہی یا الٰہ — میں ہوں تیرا بندۂ بے دستگاہ

مناجات جناب الٰہی میں

ہو سکوں تجھ تک مجھمیں ہمت نہیں — دور ہوں تجھسے طاقت فرقت نہیں
گر بیاں اپنی کروں میں بیکلی — فاش یا اپنا کروں راز دلی

تو وہ گستاخی ہے بیجا کی ہے آہ — جب ہوں تجھ سے جان ہے غمسے تباہ
عالم برزخ میں ہیں ہم بے تن — جان کو میری نہیں کچھ اطمینان

زندگانی ہے مری جی کا وبال — بے حضوری کے تری ای ذوالجلال
ہے نفس سر اک تفنگ جانستان — ہے سر سوئے مژہ نوک سنان

بے تری دیکھے لقا کیا دیکھوں بھلا — بے ترے بولوں تو کیا بولوں بتا
بند تن ہے مجھکو بند آہنے — جسکی کڑیاں نخوت و کبر و منے

طمع و حرص و بخل و حب مال و جاہ — عجب و پندار و ریا میں ہے الٰہ
رکھ مری شمشیر ہمت اس پر — قطع ہو یہ بند جس سے سربسر

گر نہ ہو تیری عنایت کی نگاہ — تو ہوا اس بند میں بندہ تباہ
دام میں حرص و ہوا کے گر ہے بند — چاہتا ہے مجھسے پرواز بلند

آہنی اک تجربہ میں نقش کچھ قید — حکم فرماتا ہے کر عنقا کو قید
گر یہی منظور ہے تو دے بتا — اور یہ بدبخت کر مجھسے جدا

ہو سکیں آہن نہ جو خود آہن ربا — کاہ میں ہوں کر تو کاہ ربا
تب بر آوے کچھ تمنا دلی — ورنہ ہے سب جستجو بے حاصلی

اے اگر مولیٰ نہ بندہ کی خبر — ہے تلاش اسکی سراسر دربدر
سر پٹک کر مر گئے صدہا بشر — کچھ ہوئی محنت نہ انکی کارگر

وہ بتا رستہ کہ اک مقراض لا — پھیری ہر ایک بند کو کر دے جدا
کھینچ لیجا بحر وحدت تک مجھے — دی وہ پونہچا تہہ الفت تک مجھے

کر عطا دل کو مرے ایسی طپش — جس سے جلکر خاک ہو سب غل و غش
مور کو ہو سیر کعبہ کی ہوس — پر ہے بیچارے کو کب یہ دسترس

بال و پر اپنے بچھا لے گر ہما — تب بر آوے اسکے دل کا مدعا
باری رحمت کے ہما کو حکم ہو — تا وہ اس زار ضعیف و خستہ کو

بال شفقت پر اٹھا کر لیچلے — طوف کعبہ کو اڑا کر لیچلے
جسکو تو بیرنج چاہے گنج دے — جس سے چاہے گنج لیکر رنج دے

ہیں تری مخلوق دونوں رنج و گنج — ہیں ترے قبضہ میں یا رب گنج و رنج
رنج محرومی کو میرے دور کر — گنج عرفاں سے مجھے معمور کر

رنج مجبوری میں جی ہے مبتلا — راہ اپنی تو مجھے یا رب بتا
تو ہی مرشد تو ہی ہادی ہے مرا — دیو غول نفس سے مجھکو بچا

غرق بحر معصیت ہوں آہ آہ — انتظار معرفت ہوں آہ آہ
ہیں ذلیل و خوار و زار و مستمند — عاجز و مسکین ہوں و ناپسند

تو غنی و مغنی و عاجز نواز — پادشاہ ذوالجلال و کارساز
باسط و رزاق و ستار عیوب — قاضی حاجات و غفار ذنوب

تو گروں سے جگہ بدتر ہے یہاں — مجھسے سو درجہ ہیں بہتر سگاں
جس سے بدتر اس جہاں میں کچھ نہ ہو — اس سے سو درجہ ہیں بدتر یا الٰہ

ہیں وہ گویا بدر افلاک ہدیٰ — پیشوائے راہ دین مصطفیٰ
جنکو پیغمبر کہے نجم الہدیٰ — انکو سمجھے جسکو تو سمجھے برا

گر برسے وہ ہیں تو بہتر کون ہے — گر وہ بے رہ ہیں تو رہبر کون ہے
مستفیض ایسا انکی ہیں وہ انجم سموات — اس سبب قرآن ہے خیر القرون

گو کرے صد ہا برس چلہ کشی — کفش پا کو انکے کب پہنچے کوئی
بالیقین اصحاب کی ہے خاک پا — تو تیائی دیدہ ہائے اولیا

تھا نبی کی انہیں صحبت کا اثر — جسم انکا روح سے ہے پاک تر
کر چکا میں یہ بلاغ بس یہیں — آگے اس سے تیر کچھ تیرے یقین

خالق تاثیر ہے پروردگار — خلق میں ہمکو نہیں کچھ اختیار
ہاں مگر تاثیر دے اسمیں خدا — دل میں تیرے ہو اثر اس عرض کا

گوشہ خلوت میں کرکے بند باب

سبب تالیف کتاب

ایک دن کرتا تھا میں سیر کتاب

شوق دل سے با ہزاران التماس — دیکھتا تھا میں کتاب اقتباس
اسمیں ہے مسطور حال اولیا — من و عن تفصیل سے ہے سب لکھا

حال پیدائش کا ابراہیم کی — دیکھکر مجھکو عجب حیرت ہوئی
تھا پدر انکا فقیر بینوا — کہتی تھی ادہم اسے خلق خدا

اتفاقاً وہ بفرمان قضا — دختر شاہ بلخ پر عاشق ہوا
عشق کا انکے ہے افسانہ عجیب — ہے بہت نادر حکایت اے لبیب

اس سے پیدا ہوا ابراہیم کا — ہے عجب اچھی یہ رنگین ماجرا
دیکھکر وہ داستان دلکشا — غنچۂ پژمردۂ دل وا ہو گیا

دل میں یوں آیا کہ بس یہ داستان — کیجیے ہندی میں لیاقت سے بیان
خلق کھولے چشم عبرت سے ذرا — دیکھئے خالق کی نئی صنعتگری

جلوہائے قدرت حق دیکھکر — خواب سے بیدار ہو ہر ایک بشر
تھا یہ قصہ خلق میں گو مشتہر — میں نے کھولا اور راز مستتر

صورت قصہ ہے قشر و راز خند — ہے وہ افسانہ مگر ہے وعظ و پند
ہو خرد تجھکو تو کافی ہے یہی — رو برو ہونیکو وافی ہے یہی

دونوں کے حق میں ہے لیکن سودمند — پردۂ افسانہ میں ہے وعظ و پند
کھیل اسکو تو نہ ہرگز جاننا — اسکو تو اچھی طرح پہچاننا

گوہر تابان و در آب دار — خلق پر میں نے کیے ہیں نثار
چاہیے پہلے یہیں سب اہل دل — لیں گہرہائے معانی متصل

اسکو گنج بادآورد جان تو — مخزن یاقوت و گوہر جان تو
ہے نگارستان نہیں یہ مثنوی — مغز معنی ہے نہیں یہ مثنوی

پیر و مرشد ہے مری اقتا ہے — کاش سمجھے کوئی اسکے مغز کو
راز مخفی کو کیا میں نے عیاں — قصے کے پردے میں ہے افسانہ جوان

تو بھی اس نحو معانی پہنچ — چھوڑکر رمز نہانی کو ہے پیچ
گوش دل کو کھول تا ہو تجھکو خبر — تاکہ ان باتوں کا دلپر ہو اثر

تا نہو برباد میری جانکنی — نہوے برباد میری جانکنی
کھینچی تکلیف و رنج بیکران — میں نے کھولے اسمیں اسرار نہان

سمجھے تو دل سے گر اسکا مدعا — ہو وہی بس رہبر راہ خدا

آغاز داستان عشق ادہم کا دختر شاہ بلخ پر اور رنج و تکلیف اٹھانی بیحال مضطر چھپکانا بادشاہ کو شورش کا اپنے باغ و راغ کو اور جانا بادشاہزادی کا سیر باغ کو

عشق کی ہر دم نئی ہے داستان — عشق ہے صیقل گر آئینہ جان
عشق سے پیدا ہوئے کون و مکان — عشق سے روشن ہیں یہ دونوں جہان

عشق ہے بیماری دل کا طبیب — عشق ہے تریاق فاروق لبیب
عشق جسمیں نہیں وہ دل نہیں — گل سے بدتر ہے وہ دل اے مرد دین

بیخزاں ہے عشق کا باغ و بہار — عشق کا ہر دم نیا ہے کاروبار
تا ابد سرسبز ہے گلزار عشق — روز افزوں ہے فقط بازار عشق

مرحبا اے عشق [illegible] — مرحبا اے عشق فرخندہ صفت
مرحبا اے شہسوار لامکان — مرحبا اے رہنمائے گمرہان

دیکھکر دلچسپ اُس جا کی فضا — متصل اُس شہر کے رہنے لگا
دور آبادی سے جاے ارجمند — کی اقامت کیلیے اپنے پسند

سیر کرنیکے لیے وہ بے پناہ — شہر کے اندر بھی آتا گاہ گاہ
مرغ وحشی کی طرح سب سے جدا — سیر کرکے شہر کی جاتا چلا

نے کسی سے اسنے کچھ بول چال — کھانے پینے کا کسی سے نے سوال
صحبت مردم نہین مد نظر — پھر چلے آنا تماشا دیکھکر

تھا ازبس درویش خود بھی با جمال — گلرخون سے دلکو تھی نفرت کمال
دیکھتا جس جا کوئی صورت حسین — کرتا وقفہ اُس جگہ پر دو مین

ایکدن ناگاہ از حکم قدر — شاہ کے در پر ہوا اُسکا گذر
خلق کا دیکھا وہان پر اژدہام — اور زائد حد سے اسپ و خدام

تھے کھڑے سب بانقیب و چوبدار — اور پیادے بے حد و بیحد سوار
سیکڑون حاضر غلام ماہرو — دست بستہ صف کشیدہ روبرو

غرق لعل و زر مین از پا تا بسر — زرق برق ایسی کہ خیرہ ہو نظر
اتفاقاً ہو گیا وہ بھی کھڑا — دید ہر اک کی وہان کرنے لگا

کر رہا تھا چشم عبرت سے نظر — گونہ گونہ صنعت اللہ پر
اس مین غل ہے ہر طرف چوبدار — ای جوانو جلد تم ہو ہوشیار

جلد ہو جاؤ دو طرفہ دو قطار — ہو پیادے آگے اور پیچھے سوار
دختر شہ کی سواری آ گئی بس — جمع جلدی تم کرو اپنے حواس

با ادب آہستہ ہے تاکید حکم — ایکسا جلدی نہ جاؤ تم قدم
باغ مین جاتی ہے وہ عفت مآب — دل کے بہلانے کو با جاہ و تاب

جس محافہ مین تھی شہزادی سوار — تھے جڑے لعل و زمرد بیشمار
کیا محافہ کا کرون اسکے بیان — لعل و یاقوت و زمرد کا تھا کان

پوشش زربفت اسکے دیکھکر — چوندھیا جاتی تھی سورج کی نظر
موتیونکی ایک جھالر جگمگی — تھی عجب صنعت کی گرد اسکے لگی

جسکا ہر موتی تھا دُرِ آب دار — کہکشان سچ جی سے ہو جس پر نثار
عالم حیرت مین ششدر تھا کھڑا — ایک گوشے مین الگ سب سے گڑا

اتفاقاً اُس محافہ کو اودھر — خواہش تقدیر لائی کھینچکر
کھینچ لائی اُس پری رو کو قضا — جسطرف بیچارہ وہ بھی تھا کھڑا

ہونیوالا ہوتا ہے کوئی جو کار — غیب سے ہوتی ہیں اسباب آشکار
سب کو پند ہے کہ عقل اسمین نہین — ہو وہی جاہے جو رب العالمین

ہو اگر اسباب ظاہر عذر ور — یہ بھی اپنے ہی سمجھ کا ہے قصور
موجد اسباب علت ہے جدا — درمیان ہے تو بھی یہ پردہ اٹھا

کسب بندے کا اگر ہو کام کا — کسب کرے مقصد مین ہو پورا خطا
ہر یقین ہو کسب سے شاہ جہان — صاحب حشمت امیر کامران

نیک بد مین دخل گر اسکا ہوا — پھر وہ بندہ کب یہ اصلی ہوا
کسب مین بھی ہو نظر رزاق پر — عقل و صنعت کو اگر رکھتا فقیر

ہون بھی صناع و کاریگر خراب — اُسطرف سے گر ہو مفتوح باب
ہے کلید قفل غیبی کسب یار — جب کیا تونے بجد و جہد کار

اپنی حکمت سے وہ شاہ با سخا — تجھکو پر دیتا ہے باب رزق وا
کسب کر لیکن خدا کے نام پر — کچھ بھروسا کر نہ اپنے کام پر

جبکہ باتین ہیں یکسان تو — یہ توکل ہے اسے پہچان تو
دوست رکھتا ہے توکل کو خدا — اسکو تو ہرگز نہ بھولے با وفا

جبر ہے خنظل توکل قند ہے — جبر ہے بند و توکل پند ہے
جبر مردود و توکل منظر دین — جبر ہے صبر و توکل انگبین

فرق اسمین ہے ہے صد سالہ راہ — تجھکو اے غافل ہے لازم انتباہ
آئی جب اسکی سواری متصل — دیکھنے اسکو لگا خستہ دل

تند ایسی غیب سے آئی ہوا — اُس محافہ کا دیا پردہ اٹھا
جمع پہلے سے ہوا اسباب عشق — ہو گیا مفتوح ناگہ باب عشق

دیکھکے اُس شاہزادی کو بے نقاب — دل ہوا اُسکا سپند آسا کباب
دیکھکر وہ طرز وہ اسلوب خوب — بحر حیرت مین گیا وہ ڈوب ڈوب

کہربا دے فدا ہو کاہ پہ — کر ذرا اُسکی کشش پر تو نظر
کوہ میں گر ہو مثلِ جو چھپا — کب ہے جنسان میں نہ ہو لعل بہا
اس جہان کے کام کا سب انتظام — عشق ہی پر منحصر ہے والسلام
بعد اسکے پھر نہ کی جنبش ذرا — مقصدِ قلبی جو تھا حاصل ہوا
شاہزادے نے بعزّ و احترام — دفن کا اُسکے کیا پھر اہتمام
اپنی اس حرکت سے وہ نادم ہوا — سود کیا جب تیر زہ سے چھٹ گیا
دل میں کر تجویز پھر کر لب کو وا — نا دہاں جان نہ ہو تیرا کہا
گو نہ تھا ہر شیشہ سہل اے خوش خصال — لیک پھر ہو نہ اسکا انفعال
گرچہ توبہ ہیں خدا مقبول ہے — گنہ اُسکی لیک بس مجہول ہے
وہ ندامت پر ہی قابو میں نہیں — چاہ کے اندر نہ گرا ہی مردِ دین
چاہیے توبہ میں جو صدقِ یقین — تیرے دل میں لا کھوں ہیں خطائیں
گرچہ علم انداز ہوا اے جان تو — ہو نہ ہر گز شیر زنگ سے دو بدو
خرم سو را لظن کو کر تو اختیار — کار بد سے دور رہ اے مرد کار
اشک سے اپنے دیا نالہ بہا — پھر اُسی پانی سے غسل اُسکو دیا
پھر وہاں اک خانقاہ آسا بنا — گرد مرقد کے مکان دلفزا
سر کیا جب راہ دل میں فدا — وصل جب معشوق کا حاصل ہوا
جان و تن کو گر کرے تاراج عشق — تو سمجھ اسکو کہ ہے معراجِ عشق
دل نے اوہم کو دیا اسکو جواب — مجھکو کچھ ہر گز نہ ہوگا اضطراب
اتنے میں پھر شور و غل برپا ہوا — یعنے اپنے گھر چلی وہ دلربا
اطلس و دیبا و زربفت و قصب — سندس و استبرق و خز و عنب
با دل پر درد گریاں زار زار — پیچھے اُسکے ہو لیا وہ دلفگار
مثلِ آئینہ کے بھوچکا رہا — سر کو دیوار و در سے ٹکراتا رہا
رحم اللہ کرے میرے حال پر — نام سے اُسکے مجھے دیجے خبر
بولے دربان اے فقیر خستہ جان — ہے یہ لڑکی دخترِ شاہِ زمان
بادشہ کا غصہ ہے قہرِ خدا — اس سے ڈر لازم ہے اے مردِ خدا

دیکھ حال اُس جان بے مقناطیس کا — کیا ہی اسکا جذب ہے
گر صدف کو عشق پانی کا نہو — قطرہ قطرہ گوہرِ یکتا نہو
سر کو شہزادے نے لیکر ہاتھ پر — اپنے سینے پر رکھا با چشمِ تر
اپنے پانون پا کے گھر سے گیا — آیا سب سے پاس ربنے کے گدا
دیکھکر یہ حال وہ جانِ جہان — اسقدر رویا کہ یا رب الامان
ابتدا میں سوچنا ہے سودمند — حرف بیجا سے کہ دل لب کو بند
ہے زبان تیری کلیدِ قفلِ دل — وہ نہ کرتا جس میں ہو منفعل
باز رہ اوّل گنہ سے اے جوان — تا نہ ہو آخر کو تو خوار جہان
جو ندامت چاہیے تو ہے یار — وہ نہیں ہر وقت ہوتی [illegible]
اس سے بڑھکر ہے ہر گز گناہ — بخشدیگا جرم تو بے [illegible]
زہر ہے پاس ہے تریاق کے — آگ سے بچ گرچہ پانی میں ہے
پیر نا آتا ہو گر تجھکو ہزار — قصہ جیحون میں ہے غوطہ زار
اُتنا رویا غم میں اُس کے یار ہر — دھویا آبِ اشک سے سر کا لہو
آخرش رو حال میں جی صرف کر — دفن یار کے کر دیا بیرونِ در
لذتِ دنیا کو مطلق چھوڑ کر — بیٹھا اس مرقد پہ وہ زیبا لبس
ایک سر کیا ہے ہزاروں سر فدا — اس حقیقت کو سمجھ جاتا تھا
جب تلک وہم ہے دل نے دہان — سر کے دینے پر ہوا حاضر یہ جان
لاکھ جی گر دے اگر فرضاً حسن — وہ بھی ہیں کر دوں فدا [illegible]
ہو کے پھر اپنے محافہ میں سوار — صحن و شہر اُسکو کیا باغ و بہار
تن پہ سرکی بھی نہ تھا کچھ — ارض صحرا رشکِ صد افلاک تھی
گھر میں جب داخل ہوئی رشکِ قمر — رہ گیا اور ہم کھڑا بیرونِ در
پوچھا دربانوں سے یہ جانِ جہان — کون تھی کچھ بتا دو اسکا نشان
تا کروں اس نام کو وردِ زبان — بے شکر ہوں تا مری کام زبان
اس خیالِ خام سے اپنے گذر — تا نہ ہو اسبات کی شہ کو خبر
پوچھا اُسنے ہے کہاں وہ بادشاہ — جسکی دختر ہے یہ رشکِ ماہ

رونق افزا ہو جہان جیسے کہ ہو | تا کرون آداب مین اُس شاہ کو
حکم پادشون کو تھا میر و گدا | جو کوئی چاہی وہان آ دے چلا
کوئی مانع ہو نہ اسکا زینہار | داد کو تا پہونچی ہر مظلوم خوار
کر رہا تھا بادشہ دربار عام | تھا وہان خلق خدا کا ازدحام

جانا ادہم کا پاس بادشاہ بلخ کے اور سوال

شاہ والا جاہ کا پا کر پتا | بر سر دربار ادہم بھی گیا
بر راست جانب پکڑ اُٹھا وزیر | اس سے بولا اپنی وہ تھا بیٹھرا
کس لیے غمگین ہو حیران ہو کھڑا | مدعا کیا ہے دل درویش کا
کر عطا جو شے اسے مطلوب ہو | گو کہ وہ کیسی نفیس و خوب ہو
مالک خلاق و دارائے جہان | رد نہین کرتا سوال عاجزان
سو اگر وہ شے تری حق مین نہ ہو | رد ہے اُسکا سوا چاہے فزون
لیک کب سمجھے اسے عقل بشر | عقل کل کے فہم سے ہے جو بدر
طفل گو رو رو کے مانگے انگبین | باپ جز حنظل کے سوا دیتا نہین
تو تو ہے جویائے مال سیم و زر | اسکے اندر ہے ترے جی کا خطر
اسلیے کرتا ہے رد اسکو خدا | تا نہو تو سو بلا مین مبتلا
سنتے ہی جھٹ پٹ وزیر باوفا | بادشہ کے حکم کو لایا بجا
بعد ازان پوچھا بیان کر مدعا | کیون کھڑا ہے مقصد قلبی ہے کیا
پوچھتا ہے حال تیرا بادشاہ | کسلیے ہے یون تری حالت تباہ
بادشہ سے کہیکے تو میرا سلام | بعد اسکے پھر یہ کہدینا پیام
گو کہ مین درویش ہون مفلس غریب | پر حسب مین ور نسب مین ہون نجیب
گر نہ ظاہر پر کسی سے ہو نظر | بندے اک اللہ کے ہین سارے بشر
آگے حق کے کیا ہے قدر بے نظر | ایکسان ہین ہم فقیر و ہم امیر
اپنے ہی دل مین کہا کر پیچ تاب | کچھ نہ ادہم کو دیا اسنے جواب
گو کہ غصے کا نہایت جوش تھا | رعب سے شہ کے دیا خاموش تھا
بادہ نار جہنم ہے غضب | سرد ہو بے ہوش کا بل کر کے سب

دل ہی دل میں اپنے کہتا تھا وزیر ہے جو ابتک یہ مرد فقیر
بینوائی میں ہے یہ کم بینی ہے یہ بیشک لائق گردن زدنی
بعد ساعت کے کہا شیریں زبان عرض کر حال دل خستہ جان
کیا کہا تو نے کیا اسنے سوال کر بیاں مجھسے مفصل سا حال
سنکے پھولا وزیر خوش خصال عرض کے قابل نہیں اسکا سوال
جو کہا ہے اسنے ای شاہ زمن میں نہیں کہہ سکتا ہرگز وہ سخن
طبع کو سننے سے جسکے رنج ہو عرض ای شہ کیا کروں اسکا تو
سینہ مردم ہے صندوق ای پسر ہے زبان جسمیں کلید خیر و شر
بات کوئی دیتی ہے آتش لگا اک سخن ہوتا ہے دُر بے بہا
ہے زبان تیری کلید غیب لفظ ایسا تو نہ کہہ جسمیں ہو عیب
ملتئم ہوئیں جراحات سنان اچھا ہوتا ہے نہیں زخم زبان
گر ضرورت میں لبونکو ہے وا ایک ہو ہر حرف در بے بہا
کچھ نہیں معلوم جبتک لب ہیں بند شہد و حنظل ہے اندر یا کہ قند
جب کیا اپنے لبونکو تو نے وا راز سر بستہ ہویدا ہو گیا
ہے یہ گویائی طلسم بے نظیر سوچ کے کر تو کلام دلپذیر
ہے اسی سے جان کا تیرہ خطر اور ملتا ہے اسی سے سیم و زر
اک سخن کہنے سے ہو صدر جہان اک سخن سے ہو جو جنبش ہے امتحان
ایک کلمہ سے ہو ظاہر صدق و رز ایک سے پیدا ہو صلح کی اجل
چاہیے پرہیز او حفظ لسان تا کہ ہو سر دفتر اہل زبان
شاہ نے ہر چند کی تفتیش حال کچھ نہ بولا وہ وزیر خوش خصال
گو نکلی اسکے زبان سے قیل و قال پر عیان تھا اسکے چہرہ سے ملال
آخر ادہم کو بلایا شاہ نے سامنے اپنے بٹھایا شاہ نے
وضع درویشانہ اسکی دیکھ کر شاہ کے دل پر ہوا اتنا اثر
دل میں سمجھا ہے یہ مرد با خدا عابد و زاہد کریم و پارسا
مرد حقانی کی پیشانی کا نور کب چھپا رہتا ہے پیش ذی شعور
ہے اثر سجدوں کا سیما سے عیان پیش چشم عاقلان و کاملان
رعب شاہانہ جو ہو صاحبت سے ہیبت حق ہے نہیں خلق سے
آئی تنہا عیب سے سب انبیا پادشاہوں کو مطیع اپنا کیا
مرد حق تنہا نہیں ہے بیگمان وہ نہیں کھاتا ہے فوج بیکران
حفظ حق ہر وقت ہے اسکا نصیر جابر و ظالم سے اسکو ڈر نہیں
اہل دل ہیں سب تونگر بادشاہ گو کہ ظاہر میں ہیں انکا حال تباہ
حال ظاہر ہے نہ کر ہرگز نظر معنے ہیں لفظوں کے اندر غور کر
بسکہ معنی رکھتی تھی خوب عصا لشکر فرعون کو غارت کیا
شہ نے پوچھا با ادب و شرم سے کر بیان جو کچھ تمھا ہے سخن
کہا ہے وہ راز نہانی ای فقیر جسکو سنکر ہو گیا برہم وزیر
جب کہا ادہم نے ای شاہ زمن دو مہینے سے ہے غمگیں دلربا
بندۂ عاجز ہوں مسکین و نحیف کمتر از خار و خس و مور ضعیف
جسنے دنیا دیکھکر ناپائدار کی ہے اول سے فقیری اختیار
شہر میں آیا تھا پھر سیر آج دل کے بہلانے کو تا خوش ہو مزاج
پادشازادی محافہ میں سوار پاس سے گذری مری [illegible]
قدرت حق سے چلی ایسی ہوا اس محافہ کا دیا پردہ اٹھا
ابر جب خورشید سے یکسو ہوا حل ہوئی سب مشکلیں [illegible]
تیر مژگان ہو گئے سینہ کے پار میں ہوا سو جان سے اُسپر نثار
ہے یہی مجھسے فقط میرا سوال ہے بذات پاک حق ذو الجلال
جسنے دی یہ دولت و ثروت تجھے جسنے دی یہ خوبی و حشمت تجھے
جسنے بخشا ہے تجھے یہ عز و جاہ دیدیا بیحد و عد ملک و سپاہ
ہو شتابی گوش عقل و دین و فرق کا ہمت و جود و کرم لطف و سخا
اس عطا پر اسکی تو کر کے نظر عقد شرعی میرا اُس دختر سے کر
پھر حق تو کر مری حاجت روا حق تری مشکل کا ہو مشکل کشا
تو ہو گر اس کام کا میرے کفیل حق تعالی ہے ترا نعم الوکیل

ہے زمین و آسمان میں پردہ نور
ہے تری چشم بصیرت کو رہا پر
طبع کو جس جس طرف کا ہے خیال
الغرض رو رو کے تنہا خاک پر
وصل دلبر کا کہیں دلمیں خیال
زیست کا اسباب گو کوئی نتھا
وصل دلبر کی نہو امید اگر
ہیچ با محفل نشین میں گیا
بیزبان کہتا ہے ہر جزو تن
گوش دل وا ہو تو ہر رگ و لی
گوش دل وا ہو تو ہر برگ گل
وقت پیری کے ہر اک بر بدن
کہتا ہے ہر جزو مجھے انکشاف
ظلمت شب میں ہوا جو کچھ ہوا
حیف ہے دور جوانی ہو گیا
سو تھی مشکین ہو گئی تشکل سمن
رنگیا بے درد کے ہو رنج و محن
گرمی دل ہو گئی ٹھنڈی پڑ گئی
جو یہ ہر جزو بدن کی گفتگو
گوش جان سے پنبہ غفلت نکال
انبیا کے سامنے ای بیخبر
ہر شجر اپنا خواص و فائدا
اپنا حسن و قبح اور نام و نشان
تو جو سمجھا ہے یہ سر تا پا غلط
تو بیان سمجھا ہے جسکو زبان

تو نہ کہیے تو یہ ہے تیرا قصور
نیم شب جس سے ہے یوسف المنار
ہے یہی بس نہج راہ وصال
تین دن اسنے کیے اسجا بسر
فرقت مہر و سے گا ہے چشم لال
وصل کی امید میں زندہ رہا
جان وہ ہے تن سے عاشق کی نکل
با ادب پیچھے ہوا اسکے کھڑا
حال ظاہر اپنا ہر وجہ حسن
کر رہا ہے حال اپنا آشکار
ہو زبان ناطق تو اسی پہ مستقل
دمبدم ای بیخبر ہے نعرہ زن
وقت رخصت ہے یہیں کیجیے معاف
صبح پیری میں ہو ثابت بھلا
کام جستہ نہ کچھ ہم سے ہوا
لالہ رخ سیہ ہوئی ظاہر شکن
ہو گیا مثل کمان سرو چمن
آنکھیں نرگس کیطرح ہیں ناتواں
بیزبان انکو نہ ہرگز جان تو
پختہ تا خام ہر اک کا مقال
بار ہا بولی ہیں یہ چوب و حجر
عرض کرتا تھا سلیمان سے سدا
سن عن سب ہنسے کرتی تھی بیان
خود غلط انشا غلط املا غلط
بولینگے پیش خدا وہ جہان

پردہ کچھ اسمیں نہیں ای ذی شعور
حسب جاہ و مال و فرزند و پسر
ہیں یہی پڑے ہر تجلی نور پر
مرغ بسمل کیطرح خونین طپان
دلمیں سو سو طرح کے خوف و رجا
زندگی کا تھا سبب بیہر وصل
تین دن کے بعد با صد اضطراب
با زبان حال کہتا تھا عیان
بیزبان کرتا ہے ہر ہر خر و یار
مہر غفلت کی ہے تیرے گوش پر
گوش دل وا ہو تو برگ گلستان
لحم و شحم و جلد و مغز استخوان
بے محل اب تو انہیں کو صرف کر
تیرے ہر اک جزو کی ہے یہ صدا
کٹ گئی عمر عزیز اپنی سفر
سنتے ہیں نادان جو دیکھو فانی ہوے
مغز جان ہے خستہ وسواس غم
تو نکہ عمر جوانی ہے گئی
بیزبانی یان ہر اک ہے با زبان
خار و سنگ و برگ و کاہ وا نبات
گریہ عنا نہ و نطق و صفا
آئے جب مسجد میں وہ بہر نماز
جو وہ مختص تھی جس جس درد کو
کرتا ہے تجارت میں تو چھپکر گناہ
تو جسے سمجھا ہے دلمیں عیب و گناہ

الله نور السموات والارض ۱۲
سجدہ ۱۲

حشر مین اک اک کہیگا برملا
کی ادا گر تو نے سجدہ مین نماز
گو منہ ادہم نے کیا منہ سے مقال
شاہ کی جسدم پڑی اُسپر نظر
بد دعا سُنکے اگر اپنے کہے
دل ہی دلمین اپنے کہتا تھا کہو
کرکے تو کبر و منی کو دل سے دور
کام اگرچہ سہل یا دشوار ہے
مشورت سے عقل ہو تیری فزون
مشورت کو چاہیے مرد امین
یار بد سے راز کو اپنے چھپا
گر نہ سُنتا یار بد سے غلط پند
ڈوبتا کیون ایسی وہ گرداب مین
شہ وہان سے اُٹھکے خلوت مین گیا
ورنہ کچھ تدبیر ایسی ہے ضرور
یہ فقیر خستہ ژولیدہ حال
رستم دستان جہان ہو یا زال
مرد کم پایہ مین جرأت کہان
یا تو خبطی باولا مجنون ہے یہ
وعدہ پہلے مین نے اُس سے کیا
خوف جان ہے مجکو انکار سے
میری ہر اک کام کو ہے تو کفیل
سُنکے ارشاد شہنشاہ کو وزیر
دشمن جانی ہون تیرے پائمال
زہر مار ہر موی تن ہو دربان

سامنے اسکے جو کچھ تو نے کہا
تو شہادت دیگی وہ با صد نیاز
لیک ہے صورت سے سائل کی سوال
ہیبت حق کر گئی دلمین اثر
مین ہون زندہ نہ دختر ہی ہے
ہے جوان فرخندہ طلعت خوبرو
عقد دختر اس سے کرے بالضرور
مشورت اسمین لیے درکار ہے
مشورت ہے راہ حق کی رہنمون
تا نکرے تجکو پیوند زمین
تا نہ ہو بجا لے تجھے تحت الثریٰ
ہوتا کب وہ فرعون فرح کے بند
تا ابد ہو جسکے پیچ و تاب بند
تا وزیر وہ سُنے کرے یہ مشورا
جس سے یہ تشویش خاطر کی ہو دور
بھیجا بابا یون جو کرتا ہے سوال
شیر نر جیسا ہو وحشت سے شغال
یہ دلیری اور ہمت کہان
یا ولی خالق بیچون ہے یہ
تنگ ہو کر بکر نہ دے کچھ بد دعا
بد نما ہے پھرنا بھی اقرار سے
سلطنت کے جزو کل کی ہے دلیل
بولا اے فخر سران ملک گیر
دوست تیرے دمبدم ہون نخل نہال
تو ہی تیرے شکر کا کہو بیان

تو اگر رکھتا ہے سجدہ مین جبین
کی اگر سجدہ کی تو نے رفتہ روب
دم بخود درویش تھا ساکت کھڑا
آیا دلمین غضب سے شہ کے خیال
تھا تردد مین خمش شاہ جہان
ہے نہایت خوش ادا یہ نوجوان
دین اگر ارکان ملت بھی صلاح
عقل کو ہوتی ہے عقلوں سے مدد
مشورت سے عقل تیری ہو دو چند
یار بد سے پر نکر راز آشکار
مشورت فرعون نے ہامان سے کی
چلتا وہ گر آسیہ کی راہ پہ
چاہیے تفصیل اس قصے کی گر
عقد کرنے کی اگر دو دین صلاح
حکم کے موجب ہوا حاضر وزیر
خوف مرنیکا نہ ڈر زندانکا ہے
ہے دہان یہ اسطرح جیسے بہراس
بیخطر یہ یون جو کرتا ہے سوال
ہے جو یہ چہرے پہ اسکے آب و تاب
درد دل سے جو کہ کرتا ہے دعا
مین نے سونپا کام تیرے راز پر
ہے تجھے اس کام مین بھی اختیار
ہو ترے اقبال کے آگے سدا
ہو کنیز سیہ روئی غلام جانفشان
سلطنت تیرا ابد بنیان ہین گیاہ

تو گواہی دیگی یہ اسکی زبان
شاہد صادق ہے ہر ہر شیخ و شاب
ششدر و حیران یونہان چشم وا
ہے عیان چہرے سے اسکے جلال
حیرت فکر الم سے لب گران
اسکا ہر انداز ہے مرغوب جان
کر اسی سے اپنی دختر کا نکاح
مشورت دانا سے کر اے پر خرد
مشورت ہے ہر طرح سے سودمند
لے نہ مشورے احمقون سے زینہار
وہ ہی اسکو طوق گردن ہو گئے
بحر قلزم سمجھو تو کچھ خطر
مثنوی مین دیکھ لے اور غور کر
تا کرون دختر کا مین اس سے نکاح
شاہ نے پوچھا کہ اے دانا وزیر
رعب شاہی کا نہ خطرہ جانکا ہے
لرزہ تن پر ہے نہ مختل ہین حواس
ہے بلا شک اسمین حق نہین کچھ کمال
اسمین حکمت ہے نہین کچھ حجاب
اُسکو سُن لیتا ہے جلد ہی خدا
جو کہ انسب اور بہتر ہے وہ کر
جو پسند آوے سو کر اے نامدار
سورۂ انا فتحنا کا لوا
خاص فدوی کمترین نوکران
فیض تیرا آب مین گشت تباہ

عقل کے یہ بات تو ہے پر خلاف / داب شاہی کے بھی ہے عکس صاف

زوج ہو مسکین کی زوجہ بادشاہ / از رو واج اسکا ہے ظلم عدل کاہ

کب برابر ہوں گلیم و طیلسان / اک ہما کیونکر ہو کا ہو گلستان

استعیذ اللہ کہاں عرش بریں / اور کہاں خاک ناپاک زمین

طائر و حیوان جن و انس میں / کفو ہونا شرط ہے ہر جنس میں

چاہیے ہمسلک و ہمشا ہوار / ہو کوئی زیبندہ لعل آبدار

وہ کہاں بدر الدجی یہ کم خصال / اور کہاں یہ خستہ ژولیدہ حال

پادشہ جسکی تمنا میں سدا / مانگتے ہیں رات دن حق سے دعا

کون ہے جسکو تمنا یہ نہیں / رات دن انکا وظیفہ یہ نہیں

عقل سے یہ بات ہے شاہ رشید / منزلوں ہے دور کوسوں ہے بعید

زوج زوجہ چاہیے ہم کفو یار
ظلم کیا ہے صرف کرنا بے محل
زاغ کو نسبت کبوتر سے کہاں
جفت یا بن بھی نہیں خار ان کبھی
باز کو کوئی سے کب پیوند ہو
ہے زیادہ وہ یہ قیاس سے اگر
وہ کہاں قطب آسمان ماہ منیر
ہے شہان ملک کو یہ آرزو
وصل جسکا چاہتے ہیں شاہ شب
خلق میں ہے باعث خندیدگی

جواب دینا پادشاہ کا وزیر کو اور رد کرنا اسکی حجت کا

شاہ نے سنکر کہا اے پر ہنر

کہتا ہے پیغمبر خیر الزمان / فقر سے ہے محکم فخر دو جہان

حسن عرضی ہے یہ کچھ ذاتی نہیں / عرضی ذاتی کو ہو کچھ تا ہے نہیں

گردش دوران سے ہم میں پادشاہ / ہو ذلیل و خوار و مسکین و تباہ

حال ظاہر پر نکر اسکے نظر / کچھ صفات باطنی میں غور کر

شاہ کا بھی ہوا گر باطن سیاہ / ہے وہ عند اللہ کم از برگ کاہ

خلق کی نظروں میں محتاج و ذلیل / ہیں وہ عند اللہ عزیز و جلیل

جو کہ اس عالم میں ہیں خوار و تباہ / عالم غیبی میں ہیں وہ بادشاہ

اس جہان میں جنکا یہ ہے پسند / انکسار و فقر و خواری ہے پسند

اس جہان میں عیش و فخر و خرمی / اس جہان میں درد و اندوہ و غمی

جس سے ہو دنیا میں فخر و عز و جاہ / ہو وہاں عقبی میں اس سے رو سیاہ

ہو یہاں جس سے زیادہ آبرو / ہو وہاں اس سے ذلیل و زرد رو

تا الگ ہو جائے سب کھوٹا کھرا / دہری و فلسفی ہوئیں جدا

جو رہا اس چرخ میں ثابت قدم / کچھ نہیں سنسان اسکو خوف و غم

خوشخطی اور بدخطی ہے ظاہری / دخل معنی میں نہیں رکھتی ذری

مال و دولت حشمت و جاہ و جلال
حال ظاہر کا نہ کر تو اعتبار
ہو فقیر و مفلس اک دم میں امیر
حق تعالی دیکھتا ہے قلب کو
ہیں بہت سے مرد ظاہر میں حقیر
گو کہ ظاہر میں ہیں محتاج و گدا
جو یہاں رکھتا ہے عز و امتیاز
اس جہاں میں عز و جاہ و امتیاز
ہے یہ دنیا فعل معکوس ای جوان
ہو یہاں جس سے زیادہ عزتی
ہے یہ دنیا بوتہ زرگر مگر
ہوئیں کھوٹے یہاں وان غیبا
گر کلام اللہ ہو بد خط لکھا
[illegible]

آب زر سے ہو لکھا تو ہو وہی
گر سیاہی سے ہوا تو ہو وہی

اہل معنی کی ہو معنی پر نظر
جانتے ہیں نقد لعل و سیم و زر

لاجورد و جدول و رنگ طلا
ہے فریب طفل ای مرد خدا

پیش چشم مرد دانا جلوہ گر
خوبی معنی ہے رشک صد قمر

تو بھی ہو معنی کا ایجان آشنا
تا کجا پابندی ظاہر صبر یا

جواب دینا وزیر کا بادشاہ کو اور روکنا شتر پادشاہ کا

سنکے نقص شاہ یوں بولا وزیر
ہے سرا ارشاد حق و دلپذیر

آپ کا ارشاد بے کم و کاست
سر سے پا تک ہے وہ حق صدق و راست

عقل شاہوں کی ہے سب عقلوں کی شاہ
ہم شب تاریک و عقل شاہ ماہ

عقل شہ ہے خرمن بے انتہا
خوشہ چین اسکی ہے سب خلق خدا

یہ معاذ اللہ نہیں جنگ و جدال
ہے غرض منظور مجھکو عرض حال

کی جو گستاخانہ میں نے حق و دق
ہے غرض مجھکو فقط احقاق حق

تا نہ ہو وہ غلبہ ہر دو جہان
اپنے چشموں میں چھپا ہو تہمان

لازم ذاتی ہے ہر شے کو ضرور
وہ نہیں ہوتا کبھی اس سے دور

پادشاہی کے لوازم اور ہیں
اور گدائی کے نرالے طور ہیں

اختلاط اسکا نہیں ہرگز روا
راہ اسکی ہے جدا اسکی جدا

سلطنت میں چاہیے ہے رعب و داب
زیب و زین ظاہری آب و تاب

ہیبت و قہر و سیاست کر و فر
زجر و توبیخ و قتال و زور و زر

ہو اگر اسباب میں کوئی قصور
انتظام ملک میں پھر ہو فتور

ہو فقیر ایسا اگر راغب مزاج
چاہیے اس شخص کو کیا تخت و تاج

آشنا معنی سے گر ہوتا گدا
صورت ظاہر پہ کیوں ہوتا فدا

دیکھتا گر جلوہ رخسار یار
بت پرستی کیوں وہ کرتا اختیار

غیر حق اے پادشاہ دادگر
جو ہو بت ہے بلکہ بت سے بھی بتر

بت پرستوں کو ہے کرتی طعن خلق
تنگ کرنے پر سمجھتی ہے یہ خلق

ہے جنہوں نے سمجھا ہر اک بے خبر
بت پرستی پہ ہے غیروں کی نظر

ہے بغل میں تیرے بتخانہ چھپا
آپ کو تو جانتا ہے پارسا

ایک ہے سو بت پرستوں کا صنم
تو بناتا ہے نیا بت صبح دم

مال و زر سے ہے تجھے وابستگی
اقربا و خویش سے پیوستگی

وصل ان چیزوں کا ہے فضل خدا
چھوڑ سبکو تاکہ ہو وصل خدا

ہے تو عیش و نیز دل جانسے فدا
اور سو صد آپ کو ہے جانتا

وہ ستو توحید اصلی ہے یہی
ماسوی حق کے نہ ہو وابستگی

راز باطن سے جو یہ ہوتا خبیر
مبتلا صورت پہ کیوں ہوتا فقیر

نور حق کے روبرو اے پادشاہ
ذرے جیسے کمتر ہیں یہ خورشید و ماہ

جسنے دیکھی جلوہ حق کی بہار
لاوے کب خاطر میں نو بستان

جو نہیں ہوتے حقیقت سے خبیر
ہوتے ہیں عشق مجازی میں اسیر

جوش پر از بس ہیں ایام شباب
اور نیا یہ عشق کا ہے پیچ و تاب

نشہ مستی میں بکتا ہے گدا
جی میں جو آتا سو کہتا ہے گدا

چہرے پر اسکے نہیں تھے جلال
نشہ مے سے ہیں آنکھیں لال لال

ہے نظر بندی خرد کی گو گر
آدمی سمجھے کہ ہے تابان گہر

عاج کیا سمجھا ہے چوب ساج کو
کیوں نہ سمجھا ہے اس درّاج کو

آدمی ہیں گرچہ یک جنس ای فتا
فرق انمیں ہے ولے بے انتہا

ایک تو پیغمبر صدر الوری
ایک بوجہل لعین ناسزا

ایک تو موسی کلیم رازدان
ایک فرعون ذلیل مستہان

باوجود اک جنس کے کتنا ہے فرق
بعد انمیں ہے بسان غرب و شرق

میل ہر اک کو ہے اپنے مثل پر
شرع میں بھی ہے تساوی پر نظر

شرط ہے ہم کفو میں حسن و جمال
اسم و نسب و پیشہ و نعم و مال

شاہزادی کا گدا سے ازدواج
گویا ہے پیوند چوب ساج و عاج

ہے کسی کے جی میں ایسا بھی ہوس
آدھا ہوا لبِ نشیں آئے ہما پلاس

دیکھے ہے ایسی قبا اطلس نشین
بوریا ہو جسکے اس میں کہیں

برخلاف عقل یہ پیوند ہے
عقل کیا قطع سر فرزند ہے

ورنہ ہے میری تمنا ہے وصال — بوالہوس کے دلمین ہو وہ محال
جستجو شہر اودہ نے کی سالہا — پر نہ اسکے مثل کا پایا پتا

کھویا مدت تک خراج سلطنت — پر ملا موتی نہ اسکے ہم صفت
حوصلہ اک اک کا پست آخر ہوا — شب چراغ انکو نہ اک موتی ملا

وصل تھا اسکی ہے گر تجھکو خیال — ہے بغیر اسباب کے ملنا محال
لاکھوں میں سے ایسے مروارید کو — عقدتا ایسے گہر کا تجھسے ہو

ورنہ کیوں اوقات کرتا ہے خراب — مفت میں کھاتا ہے کیوں پیچ و تاب
بیٹھ گوشے میں خدا کو یاد کر — اس خیال خام سے بچ کے گذر

سو برس تک گر کرے گا جستجو — تو نہیں پانے کا مروارید کو
ثانی اسکا گوہر نایاب کہیں — بادشاہوں کے خزانے میں نہیں

ملنا اس موتی کا ثانی ہے محال — دور کر تو وصل کا دل سے خیال

جواب دینا ادہم کا وزیر کو اور عجز کرنا حصول مقصد کیلیے

بھر کے ٹھنڈی سانس ادہم نے کہا — کیوں ہنسی تجھے کرتا ہے بھلا
میں بیچارا بینوا مفلس فقیر — میں کہاں پاؤنگا موتی ای وزیر

پاس میرے ایک گوہر ہو نہیں — موتی ہیں یہ آنکھوں نے دیکھے نہیں
مجھسے کیوں کرتا ہے یہ مکر و فریب — جھوٹ کو یا تو نے کیوں دیتا ہے زیب

مجھکو کیوں کرتا ہے رسوا دربدر — حق تعالیٰ کے غضب سے خوف کر
عاجز ایسے تو نکر یوں رنجیدہ — حق تعالیٰ کو نہوگا یہ پسند

کیسا موتی اور کیسا شب چراغ — شب چراغ اپنا ہے یہ سینے کا داغ
قادر مطلق ہے وہ رب قدیر — ہیں اسی کے بندے سب میر و وزیر

اسکی وہ قدرت ہے گر منظور ہو — لعل و گوہر کرے ہر اک سنگ کو
ہر خزف ریزی کو گر چاہے خدا — ایکدم میں کرے دُر بے بہا

گو کہ ہوں عاجز و مسکین فقیر — ہے مرا مولیٰ تو ہر شی پر قدیر
مجکو ہنستا ہے گدا پہچان کر — ٹھٹے تو کرتا ہے مفلس جانکر

دوسرے کو جو کہ ہنستا ہے یہان — وہ ہنسا جاتا ہے اک دن بیگمان
منفعل ہو کر لگا کہنے وزیر — سچ مرے کہنے کو تو جان ای فقیر

ہے مجھے ذات مقدس کی قسم — سچ ہے جو میں نے کہا بے کیف و کم
لغو میرے قول کو ہرگز نجان — راست کہتا ہوں مرے کہنے کو مان

لاوے گر دُر ایسا ہی بے بہا — تو ملیگا تیرے دل کا مدعا
ہے مگر یہ شرط آمین اے گدا — گوش جان سے سن لے تو اسکو ذرا

جو نہ لایا اسکا تو ثانی گہر — ہو نہ پھر اس شہر میں تیرا گذر
پھر نہ اپنا منہ مجھے دکھلائیو — بلخ کی جانب نہ ہرگز آئیو

دلمیں اسکے بسکہ تھا راسخ یقین — موتی ثانی اسکا دنیا میں نہیں
جبکہ شاہوں کے خزانے میں نہو — کب ہم پہونچیگا اس مسکین کو

اسلیے کرتا تھا وہ پیمان چست — قول و اقرار اپنا اپنے درست
اسکی کیسی اسپہ طالب ہے نظر — قدرت اللہ سے تھا بیخبر

تو قدم اسکا ذرا مضبوط گاڑ — ہے یہاں تنکے کے اوجھل پہاڑ
ہیں خدا کے کارخانے بیشمار — عقل کیا سمجھا نہیں کچھ بھی سر کار

غیب کا عالم ہے وہ بے انتہا — خس یہاں کرتا ہے کار کوہسار
ماہ ہو جاتا ہے شق انگشت سے — پشے سے نمرود آخر جان بدے

آگ کے بنتے ہین گل ہی بے ضرر — پانی ہوتا ہے خون پیش نظر
سنگ کرتا ہے شہادت کو ادا — شیشے کا سر زرد کرتا ہے جدا

جسکو سمجھا ہے یہان مال خطیر — ہے وہاں سب سے زیادہ وہ حقیر
تو جسے سمجھا ہے دُر بے بہا — ذرے سے کمتر ہے وہ پیش خدا

جسکو سمجھا ہے یہان مال خطیر — ہے وہاں سب سے زیادہ وہ فقیر
گرچہ مسکین چیونٹی ہے یہین — شیر شرزہ سے وہاں کچھ کم نہیں

خلق جسکو جانتے ہیں بے نوا — کفش پا اسکے ہے دنیا بے بہا
چھوڑ کرتی ہیں سلیمانی وہان — ذرہ کرتے ہیں نگہبانی جہان

حاکموں کا چاک ہوتا ہی جگر — ملتا ہے ادنیٰ کو تاج و تخت زر
گو نہ گو نہ کارخانے حق کے ہیں — عقل میں ہرگز نہیں آسکتے ہیں

ع ۱۰ ان اللہ علی کل شیء قدیر … ع ۱۴ … ع ۵ … وقلنا یا نار کونی بردا وسلاما علی ابراہیم

جانا ادہم کا تلاش گوہر مین اور آوارہ پھرنا مدت تک بحر و بر مین ملاقات حضرت خضر کی آخر کار اور ملنے موتی بے بہا نہایت بیشمار

دیکھکر اس گوہر رخشندہ کو — یون کہا اے ہمت ای فرخندہ خو
گو کہ ہے یہ کار مشکل ہو فنا — لیک ہے حلال ہر مشکل خدا
کہکے یہ ادہم ہوا صحرا نورد — بیقراری سے بصد اندوہ و درد
روم و شام و ہند و ایران ختن — چین و ماچین صفاہان مین
راتدن جو فکر تھی جی سی لگی — جستجو کرتا تھا تھا آوارگی
گفتگو سے بند لب آشفتہ حال — مثل مجنون ہجر لیلی مین نڈھال
غنچکان تنگ تھا دل غنچہ سان — مثل سنبل سو پریشانی طپان
اسکی سودائے محبت مین گدا — دین کا مطلق نہ دنیا کا رہا
ذرہ ذرہ کرکے جسم زار کو — خاک راہ یار کر جو ہو سو ہو
سیری مشت خاک اے باد صبا — لیکے جا جسجا ہے وہ رونق فزا
جو کوئی آتا نظر اسکو بشر — اس سے کہتا تھا کہ اے عالی گہر
اک پری کے گوشوارے کیلیے — گوہر غلطان کی خواہش ہے تجھے
دیکھکر آشفتہ و ژولیدہ حال — کہتی دیوانہ اسے خلقت خیال
عشق ہے اور سو بلا سو خواریان — عشق ہے اور سو جنون زاریان
عشق کیا ہے اک بلا ہے جان پہ — عشق کیا ہے آتش سوزان ہے یہ
عشق نے کی جس کسی کے دلمین جا — وہ ہدف تیر بلا کا ہو گیا
ہوتا جس بازار مین اسکا گذر — تاجرون سے مانگتا تابان گہر
آیا دلمین آخرش اسکے خیال — شہر مین ملنا ہے موتی کا محال
معدن گوہر جہان ہے جل وطن — چھوڑ یہ اسباب ظاہر اے جوان
پیدا بحر شور مین ہوتا ہے در — سیپ دریا غور سے صدف ہا ہین یہ
مستعان ہے ضعیف و خستہ جان — مستغاث ہر نحیف و ناتوان
کیون بھٹکتا ہے عبث تو دربدر — عام رحمت پر خدا کی رکھ نظر

مین خدا سے پاک کے نام پر — جستجو کرتا ہون دریا کی گہر
کام ہو گو سخت مشکل کی پہر — ہے خدا کے سامنے وہ سہل تر
وحشیون کی طرح صحرا مین سدا — راتدن پھرتا تھا وہ مفلس گدا
کوہ و کہسار و بحر و بر دربدر — دشت در دشت و کوبکو دربدر
یاد مین پہر کے سکین جسم زار — تیغ فرقت سے تھا مجروح و فگار
یاد جب کرتا تھا روتا بار بار — دونون آنکھون سے روان تھا ابر
ہوش کچھ تن کا نہ پروائے طعام — مجھ کو دی کہ غدار لعل خام
کرتا تھا گاہے فلک سے یون خطاب — کیون دکھاتا ہے مجھے رنج و بلا
فکر کر ایسی کہ میرا ہو غبار — صاحب آئینہ رخسار یار
کین بہت سی جستجو مین نے کو — پر نہ پایا گوہر مقصود کو
دے مجھے للہ تو وہ شب چراغ — جس سے ہو روشن مرے سینے کا داغ
جو کوئی سنتا تھا اسکی گفتگو — جانتا تھا وہ مین مجنون ہو بہو
چھیڑتا تھا ہر صغیر و ہر کبیر — خندہ کرتا ہر امیر و ہر فقیر
عشق ہے غارتگر صبر و شکیب — عشق مین ہین سو فراز و سو نشیب
عشق کی آتش ہے ایسی بد بلا — دے سوا معشوق کے سب کو بھلا
بیٹھے جسجا خلق باہم دیکھتا — کہتا موتی دو مجھے بہر خدا
جب ہوا مایوس موتی سے گدا — چھوڑ کر بستی کو صحرا مین گیا
سونپ تو اس کام کو تقدیر پہ — یہو لینا اچھا نہین تدبیر پہ
موجد اسباب و علت ہے خدا — تو سمندر پر بلا چل تو ذرا
ہے خدا فتاح ابواب امید — موجد و خلاق اسباب امید
تو توکل پر قدم رکھ گاڑ کر — لطف اسکا نا ہو نیا چارہ گر
ماسوی حق کے جو کچھ ہے دل سے پھیر — ہو وہ مسبب تیرا خیال آگے گذر

بند جب ادہم نے آنکھوں کو کیا
پانی لایا کھینچ کر صد ہا صدف
غیب سے الفت نے پھر آواز دی
حق یہاں وہم کے نزراہ سو زن
خضر سا کامل جسے مرشد ملے
محرم راز جناب کبریا
ہے یہ کم فہمی سے تجکو اشتباہ
ہے طلب اسکو تو ہے معشوق کی
غم ہے تو غم دوری محبوب کا
گفتگو گر ہے تو ہے معشوق کی
قصہ جو سنتا اسکا ہے ہجر و وصال یار
عاشقوں کے راز کو سمجھے ہے جی
نفس انسان ہے طلای بدکی
بنگیا کندن اگر ثابت رہا
محو کب خاطر سے ہو حب وطن
کب جھٹیں تجھسے پھر سودائے عشق
عشق ہے قطع علائق ہیں مگر
جبکہ ہو عشق مجازی کی نشان
ہو وہی دست و سر و پا و کمر
جبکہ ادہم نے کیا آنکھوں کو وا
ایک سے تھا ایک خشندہ سوا
دیکھا ادہم نے اٹھا کر جو گہر
وہ گہر کب تلاش و شہہ پہ
چھپا تھا ... لیے چالیس در
بعد از تکلیف و رنج بے شمار

خضر اس دریا میں غائب ہو گیا
تو وہ تو وہ ریگ پہ ہر جا صدف
سر اٹھا کر دیکھا اسرار خفی
طعن گر کوئی کرے سچا حسن
اس سے وہ تعلیم راہ حق لے
واقف اسرار علم مصطفے
عشق کی ہے عقل سے بالعکس راہ
ہے طرب اسکو تو ہے معشوق کی
اور الم مجبوری محبوب کا
جستجو گر ہے تو ہے معشوق کی
عیش و غم اسکا ہے وصل و فصل یار
عشق رکھتا ہو کسی سے جو کوئی
جعفری کرتی ہے صنعت عشق کی
ورنہ یہ مس کسی سیہ رو ہو گیا
الفت سیم و زر و فرزند و زن
محو کب ہے ان پہ بجز غوغائے عشق
تیغ بران سے زیادہ تیز تر
کب حقیقی کا قلم سے ہو بیان
نطق و گویائی وروئی تن کر
جو صدف سے دیکھا صحرا جا بجا
جسکو دیکھا اختر تابندہ تھا
اس سے لاکھوں حصے پایا خوبتر
یہ گہر لطف و عطا و کردگار
لیک ہر در شاہد ماہ و خوبی و خور
ہو گیا شہر یار میں پایا نکار

قدرت ایزد تعالے سے حسن
ہر صدف میں پاک در بے بہا
جس قدر مطلوب ہیں تجکو گہر
خضر سا جسکو ملے آگاہ حق
قبلۂ ارباب اصحاب کمال
کچھ نہ حاصل اس سے ادہم نے کیا
عشق میں عاشق کے دلبر کے سوا
درد ہے تو نام ہے معشوق کا
درد ہے تو درد ہجر یار ہے
ہے وہ مست دلار و مے صنم
آنکھیں عاشق کی دلبر کے سوا
آتش سوزاں ہے عشق پر شرر
دم بدم دیتا ہے دلکو اک طپش
ہے تعلق دلکو تیرے جا بجا
فرقت یار و عزیز و ہمدمان
عشق وہ شے ہے کہ اک دم میں جدا
ہے مجازی عشق کا یہ مرتبا
تو فنا اس میں ہے گرا تیز ہوش
اب نہیں رکھ سکتا ہے آگے قدم
جو صدف چیرے تو اس میں تھے گہر
وہ درتابندہ شاہ بلخ کا
وہ کہاں گوہر کہ ہر خشاں کہاں
دیکھکر ادہم بہت حیران ہوا
دل کے اندر نہاں انکو کیا
وصل کی امید سے دلشادمان

خوبی سے وہ دریا ہوا پھر موج زن
بیمثال و بے نظیر و پر ضیا
آٹھ صدف میں سے نکال ہے گہر
حیف وہ اس سے نہ پوچھے راہ حق
کعبۂ عرفان و قطب بیمثال
مانگتا تھا اس سے مروارید کیا
کب نظر آتا ہے کوئی دوسرا
کام ہے تو کام ہے معشوق کا
شادمانی شادی دلدار ہے
دین و دنیا سے بری ہے بالکل
کچھ نظر آتا نہیں اچھا برا
بوتہ زرگر ہے یہ جسم بشر
تا کہ جلجاوے طلا کا قلب غش
باغ و زاغ و لعل و مروارید کا
دوری احباب و ترک خاندان
سب کرے تجکو ادہم سے جدا
گر حقیقی ہو تو پھر کہنا ہے کیا
ہو وہی بے شبہ تیرا چشم و گوش
اس بیان میں ہے قلم کا سر قلم
ایسا نکلا جس سے خیرہ ہو نظر
بے حقیقت انکے آگے ہو گیا
خور کہاں اور ذرہ بیجان کہاں
لایا سجدہ شکر یزدان کا بجا
بلخ کیجانب وہ پھر راہی ہوا
رنج و دوری سے تھا پر مضطر جوان

وصل ہو گا کبھی نہ یہ تھا خیال
جس قدر سے ہو وصل کا وعدہ قریب
بند دروازے کو اسکے دیکھکر
دمبدم کہتا شب آفت ہو گئی
طول شب کو جاکے پوچھو انسے پوچھ
اپنے دلبر سے ہوا ہو جو جدا
دو برس سے بھی زیادہ ہو پہر
خاک رہ کو گہ اٹھاکر چومتا
باغ تک جاتا کبھی گریہ کنان
جب بجا نقارۂ نوبت نواز
دیکھا جب وہم نے دروازہ کو وا
کھینچے یوں آہن کو جب آہن ربا
آسمان و زمین فرق ہے صد سالہ راہ
فاصلہ سو شرق اور سو غرب کا
جذب قلبی سے زلیخا کے ہوا
با وجود حسن و عز و احترام
گر نہ تھا یہ جذب کیا تھا بتا
کھینچ لایا ایسی منزل سے حسن
اطلاع نام یوسف بھی نہ تھی
مرتی دیواروں سے وہ سر مار کر
جذب سے تاثیر مجنوں کے ہوا
آکے سر پر جب ہوئی لیلیٰ کھڑی
اتفاقاً جبکہ پہونچا یہ وہان
جاکے وہم نے کیا شہ کو سلام
دیکھکر پہچانا اسکو شاہ نے

شادمانی تمنائے وصال
تیز ہوئے آتش شوق حبیب
رہگیا یہ حلقہ سان بیرون در
طول میں روز قیامت ہو گئی
درد کا احوال بیتابوں سے پوچھ
جانتا ہے وہ اسی شب کا مزا
گذرے وہم پر وہ شب کے دو پہر
کہتا اس سے وہ محافظ تھا گیا
آتا در پر شہر کے گاہ حیران
تب کیا دروازہ دربانوں نے باز
قصر شاہی کی طرف بیخود چلا
کہربا سے جذب کب ہو کاہ کا
بیخبر وہ یہ سراسر انتباہ
جذب پر یکسان ہوا ہی فتا
پاس سے یعقوب کے یوسف جدا
انکو بکوایا نے آخر غلام
وہ نبی اسطرح کیونکر حیران ہوا
مصر میں یوسف کو لایا عشق زن
راہ کنعان سے نہیں تھی آگہی
گر نہ ہوتا جذب قلبی کارگر
قافلے سے محمل لیلیٰ جدا
تب خبر اس سوختہ جانکو ہوئی
تھا وہ روز وادنیا سحر زبان
بر طریق سنت خیر الانام
اور وزیر دشمن جانکاہ نے

خلعت وعدہ کا کبھی دل میں خطر
پہونچا در پر شہر کے جب وہ گدا
خاک پر بس گر پڑا بیتاب وہ
جانے کیا وہ شب کے طول و عرض کو
مبتلا رنج و مصیبت میں جو ہو
طول شب کی کب انہیں ہوتی خبر
دیکھتا جسجا محافظ کو رواں
شہر کے دروازے سے تا باغ تک
اس طرح وہ دمین ہوئی وہ شب بسر
صبح کا بجنے لگا جب دم گجر
جسطرح افتان و خیزان و دوان
ہے یہ جذب قلب سمجھیں بشر
جذب قلبی کی کشش ہے بیشمار
جذب مقناطیس و جذب کہربا
کھینچکر کنعان سے ڈالا چاہ میں
آخرش انکو پھرا کر دربدر
اسقدر تکلیف یہ آوارگی
گر نہ تھی عشق میں تاثیر یار
دیکھئے یوسف کی صورت کسطرح
ہے یہاں آہن ربا و کہربا
ظلمت شب میں وہ پھر کر جابجا
بوئے لیلیٰ سے ہوا ہشیار وہ
مسند شاہی پہ با صد احترام
سامنے شہ کے ہوا جا کر کھڑا
غصے سے اسکو لگا کہنے وزیر

تھا اسی خوف و رجا میں پر بسر
نصف شب باقی تھی کچھ کم یا سوا
رنگ پر تھا ماہی بے آب وہ
مبتلا جو رنج فرقت میں نہ ہو
جانتا ہے رات کے احوال کو
سوتے ہیں جو بستر سنجاب پر
لوٹتا اس خاک پر گاہ سو جانے
تا سحر مثل صبا تھا تیز تگ
دے خروس صبح نے بانگ سحر
وا ہوا اس شہر کا اسوقت در
جاتا وہ آوارۂ بے خانمان
ہے وہ جذب غیر و تاثیر جگر
شرق سے تا غرب وہ یکسان ہوا
اک وجب تک ہے نہیں لیکن ہے سو
رنج کیا کیا کچھ دکھائے راہ میں
کھینچکر لایا زلیخا کے گھر
جذب قلبی سے زلیخا کے ہوئی
پیش جاہی کیا کہیں جو بار بار
یہ روا ہوئی ضرورت کسطرح
گر دیا ہی عاشقان با وفا
آ رہا مجنوں جسجگہ تھا سو رہا
خواب غفلت سے ہوا بیدار وہ
کر رہا تھا پادشہ دربار عام
کچھ نہ بولا اور نہ کچھ منھ سے کہا
شرط یہ ٹھہری تھی تجھسے اے فقیر

لا دے گر دلیا ہی وہ رشا ہوار
شہر میں جب آوے تو اے نابکار
تو اگر اس شرط کو لایا بجا
قہر سلطانی سے جی تیرا بچا
سُنکے ادہم نے کہا اے بیخبر
حق نے بخشا ہے مجھے گنج گہر
چھانٹ کر اسمیں سے کاچا ہیو گہر
جس سے شرمندہ ہو نور ماہ و خور
کہکے یہ موتی نکالے دو سے
مسند شہ پر وہ سب گنکر رکھے
دیکھکر وہ تاب وہ انکی چمک
سب ہے حیران شہ و وزیر تک
سو تیو مین تاب یہ ہوتی نہین
یہ تجلی یہ دمک دیکھی نہین
جس تیو نکی طرح اسکو دیکھکر
رہگیا چپکا شہ نیکو سیر
دل ہی دل مین کر رہا تھا گفتگو
عقد دختر کر اسی شیدا سے تو
پوچھی پھر شہ نے وزیرون سے صلاح
سب صغیرون اور کبیرون نے صلاح
عقد کے لئے ہوا وہ پھر وزیر
کیونکہ تھا ہر امر مین شہ کا مشیر
قبح کچھ اسنے کیے ایسے بیان
ہوگیا خاموش وہ شاہ جہان
عہد و پیمان مجھسے ہے درویش کا
آپ اندیشہ نہ کیجے کچھ ذرا
یاد رکھیے آپ میری یہ حدیث
اسکے ہے تابع کوئی جن خبیث
یہ کرامت پر نہین اسکی دلیل
ہے بناوٹ اسکی اے شاہ جلیل
ہے نظر بند و نہین کچھ دستگاہ
گر وہ نان کو بنا دیتے ہین ماہ
سنگریزے جس سے آتے ہون نظر
خلق کی آنکھوں مین تابندہ گہر
سو تیو مین یہ درخشانی کہان
یہ چمک یہ نور افشانی کہان
مجھکو آتا ہے نظر اس نور سے
مکر و حیلہ اس گدا کا دور سے
بادشہ سُنکر یہ تقریر وزیر
ہوگیا دام توہم مین اسیر
کہ گیا اوس سے کہ تو مختار ہے
نیک بد کا اسکے تجھپر وار ہے
کیجیو کچھ تدبیر ایسی اے وزیر
تنگ جس سے ہووے یہ مرد فقیر
اسکو دھمکا کر لگا کہنے وزیر
کیا ہوا ہے تجکو اے مرد فقیر
تجکو کچھ بھی عقل ہے اے بیحیا
شاہ ہے بندہ ہے تو مفلس گدا
کاٹکر ٹکڑے سے مین تیری زبان
واپھینچ دونگا تجکو پیش سگان

نقص تو نے عہد کا اپنے کیا
آیا لیکے موتی گئے کیون لی ہوا
ورنہ سر تن سے ترے ہوگا جدا
ہے یہی بدعہدی کی تیری سزا
اسقدر موتی کیے مجھکو عطا
ہین اٹھا لیتے کبھی عاجز ہوا
دختر شہ کیلیے لایا ہون مین
جب تمھارے شہر مین آیا ہون مین
دیکھکر ان موتیون کی زرق برق
بحر حیرت مین سو شہ ہوا غرق
اور لگے بدبخت کہنے جوہری
خاک پر اوترے ہین مہر و مشتری
دیکھکر یہ ہمت و تاثیر مرد
ہوگیا عبرت سے شہ کا رنگ زرد
غرق شہ بحر تحیر مین ہوا
سمجھا مآل کار کو وہ سوچتا
ورنہ اسکے رنج و محنت کا وبال
کچھ نہ کچھ ڈالیگا ہم مین اختلال
جو کہ اول مین ہوا تھا نکتہ زن
پھر ہوا اس مکر کا وہ بیخ کن
حیلہ و حجت بیان کرنیلگا
نقص و عیب اسکے عیان کرنیلگا
اس وزیر فتنہ خو نے پھر کہا
آپ گھر مین ہو جیسے [illegible]
سونپیے یہ کام میری رائے پر
لائیے دل مین نہ کچھ خوف و خطر
قعر سے دریا کے گوہر طلب کر
لا دیے ہین اسنے یہ نادر گہر
ایسے مروارید ورنہ بے نقیر
لاتا کیونکر اے شہ آفاق گیر
یون کیا ہے اسنے یہ مکر و دغل
پاس اسکے ہے کوئی سفلی عمل
یہ جو یون روشن تر از خورشید ہین
یہ بناوٹ ہی کے مروارید ہین
آپ کچھ اسکو نہ سمجھین ظن بد
نور تابندہ ہے مرشد کی خرد
صادق و برحق ہے یہ قول لبیب
ہے بیان آدمی سحر عجیب
کرکے آخر کار تفویض وزیر
بادشہ گھر مین ہوا [illegible]
لیک بدعہدی سے حضرت اللہ بد
ہے نتیجہ اسکے خرد و آگاہ بد
گھر مین اپنے بادشہ داخل ہوا
دیکھنا اس جا وزیر او دروغگو
تو جو یون گستاخ کرتا ہے کلام
بر ملا لیتا ہے شہزادی کا نام
نام شہزادی کا گر تو نے لیا
ہوگا پھر سر تن سے تیرا جدا
زیست گر چاہے تو استغفار کر
